نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

<u>کپاس کے کاشتکار ضرر رساں کیڑوں کے کنٹرول کے لئے معیاری زرعی زہروں کا استعمال کریں۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان</u>

لاہور15اگست 2023( ) کپاس کی فصل کی مینجمنٹ کے حوالے سے رواں ماہ بہت اہم ہیں۔کاشتکار ضرر رساں کیڑوں کے کنٹرول کے لئے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے معیاری زرعی زہروں کا استعمال کریں۔ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پنجاب محمد شبیر احمد خان نے فیلڈ میں کپاس کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے رحیم یار خان اور صادق آباد کے دورہ کے دوران کاشتکاروں سے ملاقات کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر انھوں نے کہا کہ کپاس کی فصل نازک مرحلہ میں ہے اس لئے زراعت توسیع کا عملہ کپاس کی پیسٹ سکاؤٹنگ ،سرویلنس اور ضرر رساں کیڑوں کے حملہ کے بروقت کنٹرول کے لئے کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کیلئے اُن کے شانہ بشانہ شریک رہے۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب نے فیلڈ وزٹ کے دوران مقامی زراعت کے عملہ کو کاشتکاروں سے رابطہ مزید مربوط کرنے اور کپاس کی صورتحال کے مطابق بروقت ایڈوائزری کاشتکاروں کی دہلیز تک پہنچانے کی ہدایات کیں۔انھوں نے کہا کہ کپاس کی پیداوار میں اضافہ ملکی معیشت پر براہ راست اثر انداز ہوتا ہے۔کپاس کی زیادہ پیداوار سے 3 ارب ڈالرز زرمبادلہ کمایا جاسکتا ہے جس سے ملکی معیشت مستحکم ہوگی۔انھوں نے مزید کہا کہ سیکرٹری زراعت پنجاب کی ہدایات پر تمام زراعت کا عملہ چھٹیوں کے دوران بھی کاشتکاروں کے شانہ بشانہ شریک رہا ہے۔کپاس کی بحالی کی مہم ایک قومی ذمہ داری سمجھ کر سرانجام دی جارہی ہے جس کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرز مل کر کام کر رہے ہیں۔کپاس کی چنائی کے دوران توسیعی کارکنان صاف چنائی کے متعلق اُمور کے لئے کاشتکاروں کی راہنمائی کر رہے ہیں۔